صہیونی فوج نے مسجد کو ریسٹورنٹ میں تبدیل کردیا

غزہ (یو این آئی) صہیونی افواج کی سفاکیت کے مظاہرے تھم نہیں سکے، سوشل میڈیا پر ایک وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ صہیونی فوج کے اہلکاروں نے مسجد کو ریسٹورنٹ میں تبدیل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق اسرائیلی فوجیوں نے جنگ زدہ رفح سرحدی علاقے میں ایک مسجد کو ریسٹورنٹ میں تبدیل کر دیا ہے، جس سے مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ انٹرنیٹ پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں اسرائیلی فوجیوں کو غزہ اور مصر کو الگ کرنے والی رفح بارڈر پر واقع مسجد کے اندر کھانا تیار کرتے دکھایا گیا ہے۔ صہیونی فوجی جائے نمازوں پر جوتوں کے ساتھ ادھر ادھر چل رہے ہیں، نماز کی صفوں پر کھانے کی میزیں لگائی گئیں، کھانا بھی بکھرا پڑا نظر آتا ہے، مسجد کے احاطے میں اسرائیلی فورسز کے ٹینک بھی پارک کر دیے گئے۔ یہ مسجد مقامی کمیونٹی کے لیے ایک اہم عبادت گاہ تھی، تاہم اب اسرائیلی قابض حکام نے اس مسجد پر قبضہ کرلیا ہے۔

نہ قربانی، نہ گوشت، جنگ نے فلسطینیوں سے عید کی خوشیاں چھین لیں

غزہ (ایجنسیاں)

گزشتہ موسم گرما میں، غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں نے عیدالاضحیٰ کی چھٹی کو اسی طرح منایا جس طرح منایا جاتا ہے۔ یہاں گزشتہ سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر بڑی خاندانی دعوتیں ہوئیں، غرباء کے ساتھ گوشت کا اشتراک ہوا، اور بچوں کو نئے کپڑے اور تحائف بھی ملے۔ لیکن اس سال، اسرائیل اور حماس کے درمیان آٹھ ماہ کی تباہ کن جنگ کے بعد، بہت سے بے گھر خاندان عید کی خوشیوں کے لیے ترس گئے ہیں۔ فلسطینی خیموں میں ڈبہ بند کھانا کھانے کے لیے مجبور ہیں۔ مقامی بازاروں میں شاید ہی کہیں گوشت یا مویشی ہے۔ عید کے تحائف کے لیے ان کے پاس پیسے نہیں ہیں۔ یہاں صرف جنگ، بھوک اور بدحالی ہے جس کا کوئی خاتمہ نظر نہیں آتا۔ نادیہ حمودہ نے کہا کہ 'اس سال کوئی عید نہیں ہے'۔ نادیہ کی بیٹی جنگ میں ماری گئی ہے اور جو ایک ماہ قبل شمالی غزہ میں اپنے گھر سے نقل مکانی کر کے آئی تھی اور دیرالبلاح کے مرکزی قصبے میں ایک خیمے میں مقیم ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ، "جب ہم اذان سنتے ہیں تو ہم ان لوگوں کو یاد کر کے روتے ہیں جو ہم نے کھوئے ہیں اور ہمارے ساتھ کیا ہوا ہے، اور ہم پہلے کیسے رہتے تھے۔ جنگ سے پہلے بھی غزہ غریب اور الگ تھلگ تھا، لیکن لوگ پھر بھی رنگ برنگی سجاوٹ لٹکا کر، بچوں کو تحائف دے کر اور گوشت خرید کر یا مویشیوں کو ذبح کر کے ایک دوسرے کے ساتھ خوشیاں بانٹ لیتے تھے۔ اب غزہ کا زیادہ تر حصہ کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے اور 23 لاکھ فلسطینیوں کی آبادی میں سے زیادہ تر اپنا گھر بار چھوڑ چکے ہیں۔ حماس کے زیر انتظام وزارت صحت کے مطابق، اسرائیلی جارحیت میں غزہ میں 37,000 سے زیادہ فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔ اسرائیل نے غزہ کی زیادہ تر زراعت اور خوراک کی پیداوار کو تباہ کر دیا ہے۔ لوگ انسانی امداد پر انحصار کر رہے ہیں لیکن اس پر بھی اسرائیلی پابندیاں عائد ہیں۔ اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے خبردار کیا ہے کہ آنے والے ہفتوں میں دس لاکھ سے زیادہ لوگ یعنی غزہ کی تقریباً نصف آبادی کو بھوک مری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مئی کے اوائل میں، مصر نے غزہ کے جنوبی شہر رفح کے لیے اپنی گزرگاہ بند کر دی تھی۔ کیونکہ اسرائیل نے اس کے فلسطینی حصے پر قبضہ کر لیا تھا۔ جس کی وجہ سے لوگوں کے علاقے میں داخل ہونے یا جانے کا واحد راستہ بند کر دیا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عملی طور پر غزہ سے کوئی بھی فلسطینی عید سے پہلے سالانہ حج نہیں کر سکا۔ عبدالستار البطش کا کہنا ہے کہ اس نے اور اس کے خاندان کے سات افراد نے جنگ شروع ہونے کے بعد سے گوشت نہیں کھایا۔ غزہ میں ایک کلوگرام (2 پاؤنڈ) گوشت کی قیمت 200 شیکل (تقریباً $50) ہے۔ ایک زندہ بھیڑ، جسے جنگ سے پہلے $200 میں خریدا جا سکتا تھا، اب اس کی قیمت $1,300 ہے۔ البطش نے کہا کہ 'آج صرف جنگ ہے، کوئی پیسہ نہیں، کوئی کام نہیں، ہمارے گھر تباہ ہو گئے ہیں۔ میرے پاس کچھ نہیں ہے۔' جنوبی غزہ میں اب بند مویشیوں کے فارم کے مالک ایاد البیوک نے کہا کہ اسرائیل کی ناکہ بندی کی وجہ سے مویشیوں اور چارے دونوں کی شدید قلت نے قیمتیں بڑھا دی ہیں۔ کچھ مقامی فارموں کو پناہ گاہوں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ شمالی غزہ سے ایک اور بے گھر فلسطینی عبدالکریم متوق گوشت کی مقامی صنعت میں کام کرتے تھے، جو عیدالاضحیٰ کی چھٹی سے پہلے تیزی سے کاروبار کرتی تھی۔ اس سال، اس کا خاندان صرف چاول اور پھلیاں کھانے کے لیے مجبور ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاش میں دوبارہ کام کر سکتا۔ "یہ میرے لیے ایک مصروف موسم تھا، اس دوران میں پیسے گھر لاتا اور اپنے بچوں کے لیے کھانا، کپڑے، گری دار میوے اور گوشت خریدتا۔ لیکن آج کچھ بھی نہیں بچا۔

اسرائیلی فوج کے غزہ میں حملے، 24 گھنٹوں میں مزید 34 فلسطینی شہید

غزہ (یو این آئی)

اسرائیل کی جانب سے غزہ کے مختلف علاقوں پر فضائی اور زمینی حملوں کا سلسلہ جاری ہے، غزہ میں صیہونی فورسز کی تازہ ترین کارروائیوں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 34 فلسطینی شہید ہوگئے۔ غیرملکی خبررساں ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فوج کی جانب سے غزہ میں دیرالبلاح سمیت مختلف علاقوں میں فضائی اور زمینی کارروائی کی گئیں، جس کے نتیجے میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 34 فلسطینی شہید ہوگئے۔ غزہ کی وزارت صحت نے بتایا ہے کہ 7 اکتوبر 2023 سے شروع ہونے والی اس جنگ میں اب تک 37 ہزار 266 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جس میں بڑی تعداد خواتین اور بچوں کی ہے، جب کہ اس جنگ میں 85 ہزار سے زائد فلسطینی شہید بھی ہوئے ہیں۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی فوج رفح میں جاری آپریشن دو ہفتوں میں ختم کر دے گی کیوں کہ ہماری جنگ کا دوسرا مرحلہ اپنے اختتام کو پہنچنے والا ہے، جب کہ رفح میں آپریشن کے اختتام تک اگر جنگ بندی پر رضامندی نہیں ہوئی تو اسرائیل غزہ میں کارروائیوں سے متعلق اپنا اگلا لائحہ عمل طے کرے گا۔ امریکا نے غزہ میں امداد کی راہ میں رکاوٹ بننے والے اسرائیلی شہریوں پر پابندی لگادی، بائیڈن انتظامیہ نے بتایا کہ پابندی کی زد میں آنے والے اسرائیلی شہریوں کے گروپ پر امدادی ٹرکوں کو لوٹنے اور آگ لگانے کے بھی الزامات ہیں۔ امریکا نے امدادی قافلوں کی حفاظت کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے واضح کیا کہ امدادی قافلوں کو نشانہ بنانے والی کارروائیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

غزہ کی امداد روکنے والے اسرائیلی گروپ پر امریکی پابندیاں

واشنگٹن (یو این آئی) امریکہ نے غزہ کے امدادی قافلوں پر حملہ کرنے اور امداد روکنے والے شدت پسند اسرائیلی گروپ پر پابندیاں لگا دیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے ایک 'متشدد انتہا پسند' اسرائیلی گروپ پر غزہ کے لیے انسانی امداد کے قافلوں کو روکنے اور انھیں نقصان پہنچانے پر پابندیاں عائد کر دی ہیں، اسرائیلی گروپ کی کارروائیوں کی وجہ سے محصور فلسطینی علاقے میں قحط کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ صدر جو بائیڈن کی انتظامیہ کی جانب سے جمعہ کو جس گروپ پر پابندیاں لگائی گئی ہیں اس کا نام Tzav9 بتایا گیا ہے، یہ گروپ غزہ میں کسی بھی امداد کو داخل ہونے سے روکنے کے لیے بنایا گیا ہے، اور یہ گروپ امدادی ٹرکوں کو لوٹنے اور آگ لگانے کی مذموم کارروائیوں میں ملوث رہا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں یہ بھی کہا کہ غزہ میں انسانی بحران کو مزید بگڑنے سے روکنے اور قحط کے خطرے کو کم کرنے کے لیے انسانی امداد کی فراہمی بہت ضروری ہے، اور یہ اسرائیلی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسرائیل اور مغربی کنارے سے غزہ کی طرف جانے والے انسانی امدادی قافلوں کی حفاظت کو یقینی بنائے، ہم اس ضروری انسانی امداد کو نشانہ بنانے والی تخریب کاری اور تشدد کی کارروائیوں کو برداشت نہیں کریں گے۔ واضح رہے کہ کئی مہینوں سے دائیں بازو کے انتہا پسند یہودی احتجاج کر رہے ہیں اور امدادی سامان کو غزہ پہنچنے سے روکنے کے لیے سڑکیں بلاک کر رہے ہیں۔

ولادیمیر پوتن نے یوکرین میں جنگ بندی کیلئے نیا فارمولہ پیش کیا



ماسکو (یو این آئی) روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین میں جنگ بندی کے لیے نیا فارمولہ پیش کر دیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق روسی صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین کا تنازعہ حل کرنے کے لیے نیا فارمولہ پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوکرین نیٹو میں شمولیت سے انکار کرے۔ روسی صدر نے کہا یوکرین نیٹو میں شمولیت سے انکار کرے تو اس کے بعد ماسکو جنگ بندی کر دے گا اور بات چیت کا آغاز کر دیا جائے گا۔ صدر پوتن نے کہا کہ جنگ بندی کے لیے یوکرین کو اپنی افواج روس سے الحاق کرنے والے یوکرینی علاقوں سے مکمل طور پر نکلنا ہوگا۔ تاہم یوکرین نے اس تجویز پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اسے ہٹلر جیسا 'الٹی میٹم'' قرار دے دیا ہے۔ ولودیمیر زیلنسکی ایک عرصے سے کہتے آ رہے ہیں کہ یوکرین اس وقت تک ماسکو کے ساتھ بات چیت نہیں کرے گا جب تک روسی افواج کریمیا سمیت یوکرین کے تمام علاقوں کو چھوڑ نہیں دیتیں۔ بی بی سی کے مطابق ولادیمیر پوتن کی جانب سے جنگ بندی کی یہ شرائط ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب 90 ممالک کے رہنما ہفتے کے روز سوئٹزرلینڈ میں یوکرین میں امن کی راہوں پر بات کرنے کے لیے ملاقات کرنے کی تیاری کر رہے ہیں، جس میں روس کو مدعو نہیں کیا گیا ہے۔ جمعہ کو ماسکو میں روسی سفیروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پیوٹن نے یوکرین کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ روس کے زیر قبضہ چار علاقوں ڈونیٹسک، لوہانسک، خیرسن اور زاپوریژیا سے دست بردار ہو جائے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یوکرین کو روسی پیش قدمی کو روکنے کے لیے نیٹو کے فوجی اتحاد میں شامل ہونے کی اپنی کوششوں سے باضابطہ طور پر دست بردار ہونا پڑے گا۔ صدر پیوٹن نے کہا'' جیسے ہی کیف نے اعلان کیا کہ وہ اس طرح کے فیصلے کے لیے تیار ہے۔

نصیرات قتل عام کیلئے امدادی ٹرک کا استعمال اسرائیل کا جنگی جرم: یو این ماہرین

غزہ (ایجنسیاں)

اقوام متحدہ کی طرف سے شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں اقوام متحدہ کے ماہرین نے اسرائیل کی طرف سے وسطی غزہ کے نصیرات کیمپ میں یرغمالیوں کی بازیابی کے لیے فوجی آپریشن کے لیے امدادی ٹرک کے استعمال کو جنگی جرم قرار دے دیا ہے۔ اپنی رپورٹ میں ماہرین نے اسرائیلی افواج کی مذمت کی جو امریکہ کی طرف سے بنائے گئے عارضی سمندری بندرگاہ سے آنے والے انسانی امداد کے ٹرک میں چھپے ہوئے تھے۔ اس ٹرک کا مقصد انسانی امداد فراہم کرنا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اسرائیلی فوج کی جانب سے آپریشن نصیرات میں استعمال کیے جانے والے حربے امدادی کارکنوں اور انتہائی ضروری انسانی امداد کی ترسیل کو زیادہ خطرے میں ڈالتے ہیں اور اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں انتہائی سطح کی بربریت کو ظاہر کرتے ہیں۔ ماہرین نے کہا اسرائیلی فوجیوں کا شہری لباس پہن کر وسطی غزہ میں نصیرات آپریشن کرنا قانون کے مطابق سختی سے ممنوع ہے۔ ماہرین نے مزید بتایا کہ آٹھ جون کو اسرائیلی قابض افواج، مبینہ طور پر غیرملکی فوجیوں کی مدد سے، نصیرات میں داخل ہوئیں۔ بے گھر افراد اور امدادی کارکنوں کے بھیس میں ایک انسانی ٹرک میں سوار ہوئیں۔ ان فورسز نے علاقے میں پرتشدد چھاپہ مار کارروائی کی اور لوگوں پر حملہ کیا۔ زمینی اور فضائی حملوں کے ساتھ کے ساتھ دہشت، موت اور مایوسی پھیلائی۔ رپورٹ میں نصیرات میں اسرائیلی فوجی آپریشن کو سات اکتوبر سے فلسطینی عوام کے خلاف تباہ کن اسرائیلی جارحیت میں سب سے گھناؤنا قدم قرار دیا گیا ہے۔ ماہرین نے اسرائیلی افواج اور آبادکاروں کی طرف سے فلسطینیوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے اسرائیل پر ہتھیاروں کی پابندی کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ جنیوا میں انسانی حقوق کی کونسل کی طرف سے مقرر کردہ خصوصی نمائندوں اور آزاد ماہرین کی حیثیت کو اقوام متحدہ کا ملازم نہیں سمجھا جاتا ہے اور ان کو انسانی حقوق کے حالات کا مطالعہ کرنے اور ان پر رپورٹیں جمع کرنے کی ذمہ داری دی جاتی ہے۔

ہم لبنانی حزب اللہ اور اسرائیل سے تحمل و بردباری سے کام لینے کی اپیل کرتے ہیں: اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (یو این آئی) اقوام متحدہ کے نائب ترجمان فرحان حق نے اسرائیلی فوجیوں کے بارے میں جو جنوبی لبنان میں آگ کے گولے پھینک کر آگ لگانے کی کوشش کے حوالے سے کہا ہے کہ ہم فریقین سے تحمل کا مظاہرہ کرنے اور کسی بھی ایسی کارروائی یا بیان سے گریز کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں جس سے کشیدگی میں اضافہ ہو۔ صحافیوں کو اپنے بیان میں حق نے اس بات پر زور دیا کہ فریقین کو تنازعہ ختم کرنا چاہیے اور یہ بھی کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 1701 کے مطابق سفارتی حل کے لیے کوششیں کی جائیں۔ مسٹر حق نے کہا کہ لبنان میں اقوام متحدہ کی عبوری امن فورس میدان میں اپنے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہے اور کشیدگی کو کم کرنے کی کوشش میں ہے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ اکتوبر کے بعد بہت سی اموات ہوئیں، خاندان بے گھر ہوئے اور محلے تباہ ہوگئے، حق نے کہا کہ جنگ کے علاقائی پھیلاؤ کا خطرہ کافی زیادہ ہے۔

مختصر خبریں

حج سیزن کے اخراجات کا سعودی عرب حساب نہیں کرتا

مکہ مکرمہ (ایجنسیاں) سعودی عرب کے وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے کہا ہے کہ حجاج کرام کی خدمت سب سے اہم فرض ہے جو سعودی عرب ہر سال انجام دیتا ہے۔ سعودی حکومت اپنی تمام تر توانائیاں اور صلاحیتوں کو متحرک کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب حج سیزن پر اٹھنے والے اخراجات کا حساب نہیں لگاتا۔ ہمارا مقصد محفوظ حج موسم کو یقینی بنانا اور ضیوف الرحمان کے راحت و آرام کے ساتھ ان کے مناسک کی ادائی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب نے جعلی حج مہمات کی بیخ کنی کی مہم شروع کی ہے اور بغیر اجازت کے حج میں شامل ہونے والوں کو سزا دی جائے گی۔ وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے کہا کہ سعودی حکومت نے جدید ترین ٹیکنالوجی کو استعمال کیا ہے تاکہ حجاج کو آسانی اور سکون کے ساتھ اپنی رسومات انجام دینے میں مدد ملے۔ مملکت نے جو کہا اسے کر کے دکھایا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز چوبیس گھنٹے حج سرگرمیوں کی براہ راست نگرانی کرتے ہیں۔

رامافوسا دوبارہ جنوبی افریقہ کے صدر منتخب

کیپ ٹاؤن (یو این آئی) جنوبی افریقہ کی حکمراں پارٹی افریقن نیشنل کانگریس (اے این سی) کے لیڈر سیرل رامافوسا کو جمعہ کے روز قومی اسمبلی نے اگلے پانچ سال کے لیے ملک کا صدر منتخب کر لیا۔ قومی اسمبلی کی پہلی نشست کی صدارت کرنے والے چیف جسٹس ریمنڈ زونڈو نے اعلان کیا کہ رامافوسا کو صدارتی انتخاب جیتنے کے لیے 283 ووٹ حاصل ہوئے، جب کہ دوسرے نامزد امیدوار جولیس ملیما کو 44 ووٹ ملے۔ قبل ازیں جمعہ کے روز، اے این سی اور مرکزی اپوزیشن پارٹی، ڈیموکریٹک الائنس (ڈی اے) نے قومی اتحاد کی حکومت بنانے کے لیے ایک معاہدہ کیا اور معاہدے کے ضمن میں رامافوسا کو ڈی اے کی حمایت سے دوبارہ منتخب کیے جانے کی امید تھی۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق 29 مئی کو ہونے والے عام انتخابات میں، اے این سی نے قومی اسمبلی کی 400 نشستوں میں سے 159 نشستیں حاصل کیں، جو پارلیمنٹ کے ایوان زیریں میں پہلی بار اپنی 30 سالہ واضح اکثریت کو برقرار رکھنے کے لیے درکار 50 فیصد سے بھی نیچے آ گئی۔

امریکہ نے حوثیوں کے رڈار تباہ کیے

واشنگٹن (ایجنسیاں) امریکی فوج نے جمعہ کے روز کہا کہ اس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران یمن میں حوثی باغیوں کے سات ریڈار، ایک ڈرون جہاز اور دو ڈرون کشتیاں تباہ کر دیئے ہیں۔ اس حملے سے دو دن قبل حوثی حملے میں ایک یونانی ملکیتی بحری جہاز کو نقصان پہنچا اور وہ بحیرہ احمر میں انجن کی طاقت کے بغیر تیرتا رہا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے سوشل میڈیا سائٹ ایکس پر کہا کہ یہ ریڈار حوثیوں کے لیے سمندری جہازوں کو نشانہ بنانا اور تجارتی جہاز رانی کو خطرے میں ڈالنا ممکن بناتے ہیں۔

بحیرۂ روم میں روس اور مصر کی مشترکہ بحری فوجی مشق

ماسکو (یو این آئی) روس کے پیسیفک بیڑے کے دو جنگی جہاز بحیرہ روم میں مصری بحریہ کے ساتھ مشترکہ بحری مشقوں میں حصہ لیں گے۔ روسی وزارت دفاع نے ہفتے کے روز یہ اعلان کیا۔ وزارت کے مطابق، میزائل کروزر ویراگ اور فریگیٹ مارشل شاپوشنکوف پیسیفک فلیٹ کے جنگی جہازوں کا گروپ مصری بحریہ کے ساتھ مشترکہ مشقوں میں شامل ہونے کے لیے مصری بندرگاہ اسکندریہ کے لیے روانہ ہوگیا ہے۔ مشقوں کے دوران مصری بحریہ کی نمائندگی بحری جہاز فریگیٹ ای این ایس القادر کرے گا۔ وزارت نے کہا کہ یہ مشقیں خاص شکل میں کی جائیں گی جس میں مختلف ممالک کے بحری بیڑوں کے درمیان جنگی رابطہ کاری کی تکنیکوں میں مہارت حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ مواصلاتی تربیت اور مشاہداتی آپریشن مشترکہ مشقوں کے ضمن میں انجام دیے جائیں گے۔

ڈونالڈ ٹرمپ 78 برس کے ہوئے

فلوریڈا (یو این آئی) سابق صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جمعہ کی رات اپنی سالگرہ ویسٹ پام بیچ پر اپنے مداحوں کے ایک گروپ کے ساتھ منائی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ 78 برس کے ہو گئے ہیں۔ فلوریڈا میں ٹرمپ کے حامیوں نے سالگرہ کا اہتمام کیا۔

کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی

جنوبی افریقہ کی نیپال پر ایک رن سے سنسنی خیز جیت

کنگسٹاؤن (یو این آئی) آئی سی سی مردوں کے ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں جنوبی افریقہ نے نیپال کو ایک رن سے شکست دے کر سنسنی خیز جیت حاصل کی ہے۔ نیپال ایک تاریخی جیت کے بہت قریب پہنچ گیا تھا، لیکن جنوبی افریقہ کو تبریز شمسی کے ایک اہم ڈبل وکٹ والے اوور اور اوٹنیل بارٹ مین کی بہترین گیندبازی سے جیت حاصل ہوئی۔ ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے 31 ویں میچ میں جنوبی افریقہ نے سنسنی خیز مقابلے میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے نیپال کو جیت کے لیے 116 رن کا ہدف دیا۔ نیپال کی جانب سے کشال بھرٹیل نے چار اور دیپندر سنگھ نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے جواب میں نیپال کی ٹیم 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر صرف 114 رنز بنا سکی۔ جنوبی افریقی گیند باز تبریز شمسی نے چار وکٹیں حاصل کیں۔

نیپال کے کپتان روہت پوڈیل نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ریزا ہینڈرکس اور کوئنٹن ڈی کاک نے ٹیم کو تیز شروعات دلائی، لیکن چوتھے اوور میں ڈی کاک 10 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہو گئے۔ جنوبی افریقہ نے پہلے پاور پلے میں ایک وکٹ کے نقصان پر 38 رنز بنائے۔ نیپال نے درمیانی اوورز میں کسی ہوئی گیند بازی کی اور بڑے شاٹ کھیلنے کے لئے بے چین کپتان ایڈن مارکرم کو بھرٹیل نے 15 کے ذاتی اسکور پر آؤٹ کر کے پویلین کی راہ دکھائی۔ جنوبی افریقہ کے بلے باز درمیانی اوورز میں نیپال کی باؤلنگ کے خلاف بڑے شاٹس نہیں لگا سکے۔ درمیانی اوورز میں 42 رنز بنے اور دو وکٹ گرے۔ ہینرک کلاسن تین رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ ریزا ہینڈرکس نے ایک سرے کو سنبھالے رکھا۔ انہیں ڈیتھ اوورز میں تھوڑی دیر کے لیے ٹرسٹن اسٹبس کا ساتھ ملا۔ ڈیتھ اوور کا مقابلہ حالانکہ نیپال ٹیم نے جیتا۔ جنوبی افریقہ نے ڈیتھ اوورز میں کل 35 رن بنائے اور 4 وکٹیں گنوائیں۔ ہینڈرکس نے سب سے زیادہ 43 رنز کی اننگ کھیلی۔ نیپال کے لیے کشال بھرٹیل نے چار اوورز میں صرف 19 رنز دے کر چار وکٹ چٹکائے۔ جبکہ دیپندر سنگھ ایری نے چار اوورز میں 21 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی درست باؤلنگ کی وجہ سے نیپال کی شروعات سست رہی۔ نیپال نے پہلے پاور پلے میں بغیر کوئی وکٹ کھوئے 32 رنز بنائے۔ آصف شیخ اور کشل بھرٹیل کے درمیان پہلے وکٹ کے لیے 35 رنز کی شراکت ہوئی۔ کشل بھرٹیل 13 رنز بنانے کے بعد تبریز شمسی کا شکار بنے۔ کپتان روہت پوڈیل کھاتہ کھولے بغیر ہی پویلین لوٹ گئے۔ درمیانی اوورز میں نیپال نے 59 رنز بنائے اور تین وکٹیں گنوائیں۔ تبریز شمسی نے ایک ہی اوور میں دو وکٹ لئے۔ جو نیپال کے لیے مہلک ثابت ہوا اور ٹیم کو واپسی کرائی۔ شمسی نے پہلے سیٹ بلے باز آصف شیخ کو 42 کے ذاتی اسکور پر آؤٹ کیا اور پھر دیپندر سنگھ ایری کا وکٹ حاصل کیا۔ نیپال کو آخری دو اوورز میں جیت کے لیے 16 رنز درکار تھے۔ نیپال کی ٹیم 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر صرف 114 رنز بنا سکی اور اسے ایک رن سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

نیوزی لینڈ نے یوگنڈا کو 9 وکٹوں سے ہرایا

پورٹ آف اسپین (یو این آئی) ٹی-20 ورلڈ کپ سے باہر ہو چکی نیوزی لینڈ نے یوگنڈا کو صرف 40 رنوں پر سمٹ دیا اور بعد میں جیت کا ہدف 5.2 اوور میں حاصل کر لیا۔ تاروبا کے برائن لارا اسٹیڈیم میں ٹم ساؤتھی نے چار اوورز کے اسپیل میں صرف چار رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں جب کہ ٹرینٹ بولٹ، مچل سینٹنر اور راچن رویندرا نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ یوگنڈا کے کینتھ ویسوا (11) واحد بلے باز تھے جو ڈبل فیگر تک پہنچے۔ اس میچ میں یوگنڈا کا واحد کارنامہ یہ تھا کہ اس نے 18.4 اوورز تک کیوی بولنگ اٹیک کا سامنا کیا جبکہ بعد میں بیٹنگ کے لیے آنے والے نیوزی لینڈ کے ایک بلے باز کو آؤٹ کرنے میں بھی کامیابی حاصل کی۔ یوگنڈا نے نیوزی لینڈ کی ٹیم کو پورے میچ میں 39 گیندیں کرائیں جن میں چھ وائیڈ بالز اور ایک نو بال تھی۔ اس طرح نیوزی لینڈ یہ میچ 5.2 اوورز میں ہی جیت گیا۔ ڈیوڈ کونوے 22 رنز بنانے کے بعد ناقابل شکست لوٹے۔ قابل ذکر ہے کہ پاپوانیوگنی پر افغانستان کی فتح کے ساتھ ہی نیوزی لینڈ کے ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچنے کے امکانات ختم ہو گئے ہیں۔

یوگنڈا محض 40 رنوں پر سمٹ گئی

ورلڈ کپ میں بدترین کارکردگی، عماد اور عامر کا پھر سے ریٹائرمنٹ لینے کا فیصلہ

کراچی (ایجنسیاں) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے 2 کھلاڑیوں عماد وسیم اور محمد عامر نے ٹی-20 ورلڈ کپ میں اپنی بدترین اور ناقص کارکردگی کے بعد انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائر ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محمد عامر اور عماد وسیم پاکستان کی طرف سے اپنا آخری میچ آئرلینڈ کے خلاف کھیل کر ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیں گے۔ ٹی-20 ورلڈ کپ سے قبل ریٹائرمنٹ واپس لینے والے دونوں کھلاڑیوں کی بڑے ایونٹ میں کارکردگی توقعات کے مطابق نہیں رہی اور نہ ہی انہوں نے ایسا کوئی کارنامہ سرانجام دیا جو قومی ٹیم کی فتح کا باعث بنا ہو۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دونوں کرکٹرز کی جانب سے جلد ریٹائرمنٹ کا باقاعدہ اعلان کیا جائے گا اور پھر اُسے کے بعد عامر، عماد صرف لیگ کرکٹ کھیلیں گے۔

امریکہ نے سپر ایٹ میں پہنچ کر 2026 کے ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کیا

واشنگٹن (یو این آئی) فلوریڈا میں بارش کی وجہ سے آئرلینڈ کے ساتھ آخری گروپ میچ منسوخ ہونے کے بعد شریک میزبان امریکہ نے پہلی بار آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ کرکٹ مقابلے کے سپر 8 میں شامل ہونے کے ساتھ 2026 میں ہونے والے ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ جمعہ کی رات منسوخ ہونے والے میچ میں دونوں ٹیموں نے پوائنٹس شیئر کیے جس سے امریکہ پاکستان سے تین پوائنٹس آگے ہو گیا ہے۔ پاکستان اپنا آخری میچ اتوار کو فلوریڈا کے بروورڈ کاؤنٹی اسٹیڈیم میں آئرلینڈ کے خلاف کھیلے گا۔ امریکہ کینیڈا اور پاکستان کے خلاف جیت کے بعد سپر 8 مرحلے میں پہنچ گیا، تاہم، وہ شریک میزبان ملک دنیا کی نمبر ایک ٹیم ہندستان سے کم فرق سے ہار گیا تھا۔ ہندوستان بھی گروپ اے میں ٹاپ کر کے اگلے مرحلے میں پہنچ گیا ہے۔ مقابلے کا سپر 8 مرحلہ کیریبین جزائر میں ہوگا، جس میں بدھ 19 جون کو امریکہ کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے اینٹیگوا میں ہوگا۔ سپر 8 مرحلے میں پہنچ کر امریکہ کی ٹیم خود بخود آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کر جائے گی، جس کی میزبانی ہندستان اور سری لنکا کریں گے۔ ٹیموں کو انعامی رقم میں اضافہ بھی ملے گا، سپر 8 تک پہنچنے والی تمام ٹیموں کو کم از کم 382,500 امریکی ڈالر کی گارنٹی ہوگی۔ سپر 8 مرحلے میں آٹھ ٹیموں کو چار چار کے دو پولز میں تقسیم کیا جائے گا، ہر ایک سے سرفہرست دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچیں گی۔

بنگلہ دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز: کپتان کون ہوگا؟

اسلام آباد (ایجنسیاں) ٹی-20 ورلڈ کپ میں بطور کپتان پہلے راؤنڈ سے باہر ہونے والی پاکستانی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کو ناقص پرفارمنس کے بعد بنگلا دیش کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے کپتانی سے دور رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ میگا ایونٹ میں مایوس کن کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد پاکستانی ٹیم 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کیلئے بنگلا دیش کا دورہ کرے گی، یہ سیریز آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ کا حصہ ہے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے 7 ارکان پر مشتمل سلیکشن کمیٹی کی تجویز پر شاہین آفریدی کی جگہ ٹی-20 ٹیم کی قیادت بابر اعظم کے سپرد کرتے ہوئے انہیں 2025 چیمپئنز ٹرافی تک وائٹ فارمیٹ کی قیادت دی تھی تاہم اب مایوس کن پرفارمنس کو دیکھتے ہوئے شان مسعود کی کپتانی پر انحصار کیا جائے گا۔